# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025
# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**SUBJECT: URDU**

**GRADE-5**

**FINAL TERM**

**[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ______________________

**Student Name :** ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: "یہ کام ختم کر دیا گیا ہے۔" سے بننے والا فعل ماضی کا جملہ ہے:

(a) یہ کام ختم ہو چکا تھا۔ (b) یہ کام ختم ہو رہا ہے۔ (c) یہ کام ختم ہو جانا ہے۔ (d) یہ کام ختم ہو جائے گا۔

سوال نمبر 2: لفظ "سماں" کا مترادف ہے:

(a) آسماں (b) فلک (c) نظارہ (d) آفتاب

سوال نمبر 3: تذکیر و تانیث جاندار کا درست استعمال ہے:

(a) بادشاہ اور ملکہ نے دربار لگایا۔ (b) پاکستان اور چین دوست ملک ہیں۔
(c) علی کی ٹوپی، ٹوکری میں پڑی ہے۔ (d) گھوڑے اور گدھے کو ایک جگہ باندھ دو۔

سوال نمبر 4: سابقہ "ان" سے بننے والا درست جوڑا ہے:

(a) ان پڑھ، ان گنت (b) ان آور، ان گنت (c) ان پڑھ، ان زور (d) ان عقل، ان درد

سوال نمبر 5: اسم صفت کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) علی اچھی کرکٹ کھیلتا ہے۔ (b) علی فٹ بال کھیلتا ہے۔
(c) علی ہاکی کھیلتا ہے۔ (d) علی کبڈی کھیلتا ہے۔

سوال نمبر 6: "حرف ندا" کے درست استعمال والا جملہ ہے:

(a) افسوس! میں امتحان میں فیل ہو گیا۔ (b) واہ! کتنا خوب صورت منظر ہے۔
(c) آہ! مجھے آج چوٹ لگ گئی۔ (d) ارے! محسن میاں میری بات سنو۔

سوال نمبر 7: "میں آپ کی مدد کروں گا۔" سے بننے والا تمنائی جملہ ہے:

(a) میں آپ کی مدد نہیں کروں گا۔ (b) واہ! میں آپ کی مدد کروں گا۔
(c) میں نے آپ کی مدد کی ہو گی۔ (d) کاش! میں آپ کی مدد کر سکتا۔

سوال نمبر 8: حرفِ جار کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) سامان بڑی گاڑی پر ہے۔ (b) گاڑی پشاور جاتی ہے۔
(c) گاڑی پشاور جاتی تھی۔ (d) گاڑی پشاور پہنچے گی۔

سوال نمبر 9: دیے گئے جملوں میں اسم معرفہ والا جملہ ہے:

(a) مینار پاکستان بہت بلند ہے۔ (b) عمارتیں بہت بلند ہیں۔ (c) پہاڑ بہت بلند ہیں۔ (d) پلازہ بہت بلند ہے۔

سوال نمبر 10: فاعل اور مفعول کے مطابق درست فعل کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) احمد نے کتاب خریدا۔ (b) علی پانی پیتی ہے۔ (c) ماہ نور نے حلوہ پکائی۔ (d) علی نے جوتا خریدا۔

سوال نمبر 11: "اُنس میرا ہم جماعت ہے۔" لفظ اُنس لڑکے کا نام ہے جب کہ اُنس کا مطلب ہے:

(a) محبت (b) غصہ (c) شرافت (d) انسان

سوال نمبر 12: رموز او قاف "سکتہ" کے استعمال والا درست جملہ ہے:

(a) اسلم، اکبر اور علی نے کھانا کھایا۔ (b) اسلم۔ اکبر اور علی نے کھانا کھایا۔
(c) اسلم! اکبر اور علی نے کھانا کھایا۔ (d) اسلم؛ اکبر اور علی نے کھانا کھایا۔

سوال نمبر 13: "فرمایا تم مسلم سارے آپس میں بھائی بھائی ہو / / مل جل کے رہو گھل مل کے رہو منظور جو اپنی بھلائی ہو۔" شعر میں پیغام ہے:

(a) ہمدردی کا (b) اخلاق کا (c) بھائی چارے کا (d) نظم وضبط کا

سوال نمبر 14: آپ کے ضلع میں ایک تعلیمی نمائش کا انعقاد ہو رہا ہے اس میں شمولیت کے دوران آپ کا ردعمل ہو گا:

(a) نئی معلومات حاصل کرنا (b) اُکتا جانا (c) سو جانا (d) وقت کا ضیاع ہونا

سوال نمبر 15: ماہ نومبر میں علامہ اقبالؒ کی یوم ولادت ہے۔ تمام بچے علامہ اقبال کی ایک ایک نظم لازمی یاد کریں۔ بچے نظم کے لیے کتاب حاصل کریں گے:

(a) لائبریری سے (b) دوست سے (c) دوکان سے (d) مسجد سے

سوال نمبر 16: آپ نے بازار میں ایک چور کو پکڑ لیا ہے تو آپ کا اس کے ساتھ برتاؤ ہو گا:

(a) پولیس کے حوالے کریں گے۔ (b) پیسے لے کر جانے دیں گے۔ (c) اسے اچھا کھانا کھلائیں گے۔ (d) قیمتی انعام سے نوازیں گے۔

سوال نمبر 17: آپ کے علاقے میں ہر سال سیلاب آتا ہے اور بہت سی مٹی بہا کر لے جاتا ہے۔ زمینی کٹاؤ سے بچنے کے لیے آپ کو کرنا چاہیے:

(a) درخت لگانا (b) درخت کاٹنا (c) گندگی پھیلانا (d) فیکٹریاں لگانا

سوال نمبر 18: سکول سے گھر جاتے ہوئے ایک اجنبی آپ کا پیچھا کر رہا ہے۔ اس کی حرکات مشکوک محسوس ہو رہی ہیں۔ گھر پہنچتے ہی آپ کا ردِ عمل ہو گا:

(a) اس اجنبی کو اپنے گھر لے آئیں گے۔ (b) گھر پہنچ کر آرام سے سو جائیں گے۔
(c) اس واقعہ سے والدین کو آگاہ کریں گے۔ (d) اس واقعہ کو نظر انداز کر دیں گے۔

سوال نمبر 19: آمنہ کی والدہ کے دانتوں میں درد تھا۔ کئی دانتوں کو کیڑا لگ چکا تھا۔ آمنہ کی والدہ دانت لگوانے کے لیے جائیں گی:

(a) چڑا ساز کے پاس (b) رنگ ساز کے پاس (c) جلد ساز کے پاس (d) دندان ساز کے پاس

سوال نمبر 20: "سڑک پر بہت سے نشانات لگے ہوتے ہیں۔" سڑک پر لگے یہ نشانات ہمارے لیے ہوتے ہیں:

(a) کارآمد (b) بے کار (c) فضول (d) وقت کا ضیاع

پیراگراف ہدایات*

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے درست جوابات کی نشان دہی کریں۔

رضا اور آمنہ کے دادا ساجد صاحب نے پاکستان بنتے دیکھا تھا۔ ان کے بزرگوں نے حصولِ پاکستان کی جدوجہد میں بھرپور حصہ لیا اور تکلیفیں برداشت کیں۔ پاکستان کے قیام سے پہلے وہ موجودہ بھارت میں رہتے تھے۔ پاکستان بنا تو وہ اپنے خاندان کے ساتھ ہجرت کر کے لاہور آ گئے۔ ہجرت کا یہ سفر بہت کٹھن تھا۔ وہ بہت مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے لاہور پہنچے تھے۔ وہ اپنے اس سفر کی داستان سب کو سنایا کرتے ہیں۔ وہ پاکستان سے بہت محبت کرتے ہیں۔ ۱۴۔ اگست کی تقریبات شروع ہوتی ہیں تو خوشی سے ان کا چہرہ تمتما اٹھتا ہے۔ آج ۱۴۔ اگست کو ساجد صاحب حسب معمول تیار ہو کر گاڑی میں نکلے۔ رضا اور آمنہ کو ساتھ لے کر وہ سب سے پہلے مزار اقبالؒ پہنچے۔ انھوں نے مزار پر فاتحہ پڑھی۔ شہر بھر میں جشن کا سماں تھا۔ گھر، بازار، گلیاں، دکانیں اور سڑکیں رنگا رنگ جھنڈوں اور جھنڈیوں سے بھی سجی ہوئی تھیں۔ بچوں کے چہرے خوشی سے چمک رہے تھے۔ مینار پاکستان پر اس قدر ہجوم تھا کہ کھوّے سے کھوّا چھلتا تھا۔ نوجوان موٹر سائیکلوں کو پاکستانی جھنڈوں سے سجائے گھوم رہے تھے۔ یہ سب دیکھ کر ساجد صاحب بہت خوش ہو رہے تھے۔ انھیں آزادی کی نعمت کا صحیح شعور تھا۔ وہ بچوں کو ساتھ لیے جشنِ آزادی کی تقریبات کے مختلف مناظر دیکھتے رہے۔ شام سے ذرا پہلے وہ مال روڈ سے ہوتے ہوئے گھر لوٹ آئے۔

سوال نمبر 21: رضا اور آمنہ کے دادا جان سب کو اپنے سفر کی داستان سناتے تھے۔ اس کی بڑی وجہ تھی:

(a) انگریزوں سے محبت (b) پاکستان سے محبت (c) ہندوؤں سے محبت (d) بھارت سے محبت

سوال نمبر 22: پیراگراف میں موجود لفظ "کٹھن" کا مطلب ہے:

(a) آسان (b) ہمدردی (c) جلدی (d) مشکل

سوال نمبر 23: سبز ہلالی پرچم لہرایا جاتا ہے:

(a) عید پر (b) جمعہ پر (c) چھٹی پر (d) یوم پاکستان پر

سوال نمبر 24: 14 اگست کو ہم مناتے ہیں:

(a) ثقافتی تہوار (b) مذہبی تہوار (c) یوم آزادی (d) علاقائی تہوار

سوال نمبر 25: متن کا مناسب عنوان ہے:

(a) ہجرت کی داستان (b) جشن آزادی (c) داستان پاک وہند (d) قرارداد پاکستان

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 26: نظم کے اشعار کو نثر میں تبدیل کریں۔ (کل نمبر 10)

پُھلواریوں میں تازہ شگوفے کھلا چلی // سویا ہوا تھا سبزہ، اسے تو جگا چلی

سرسبز ہوں درخت نہ باغوں میں تجھ بغیر // تیرے ہی دم قدم سے ہے بھاتی چمن کی سیر

پڑھ جائے اس جہاں میں ہوا کی اگر کمی // چوپایا کوئی زندہ بچے نہ آدمی

چڑیوں کو یہ اُڑان کی طاقت کہاں رہے // پھر کائیں ہو، نہ غٹرغوں، نہ چہچہے

سوال نمبر 27: مہنگائی کے عنوان پر دس جملوں پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (10 نمبر)

سوال نمبر 28: سکول میں صاف پانی کے مناسب انتظام کے لیے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام درخواست تحریر کریں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر 29: درج ذیل نثر پارہ کو غور سے سنیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیں۔ نثر پارہ روبرکس میں موجود ہے۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر 30: درج ذیل عبارت کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔ عبارت روبرکس میں موجود ہے۔ (کل نمبر 10)